Created in ,پاکستان2016

www.plantwise.org

آلو کی عمومی ماتا

Scab on potato variety Doré (Photo by Rasbak (CC BY-SA))

بیماری کی پہچان

آلو کی عمومی ماتا کی بیماری بیکٹیریا کی وجہ سے ہوتی ہے جسے ننگی آنکھ سے نہیں دیکھا جا سکتا۔ آلوؤں پر بھورے رنگ کے سخت کارک کی طرح کے اُبھرے ہوئے دھبے نظر آتے ہیں جو بڑھ کر آپس میں مل جاتے ہیں اور سارے آلو کو متاثر کر دیتے ہیں۔ اس کی علامات آلو بننے کی ابتدا کے وقت محسوس ہوتی ہیں اور آلو کے برداشت ہونے پر آسانی سے دیکھی جا سکتی ہیں۔ اس بیماری کی وجہ سے آلو اندر سے نرم ہو جاتے ہیں۔

پس منظر

بیمار آلو جو زمین میں پڑے رہیں اس بیماری کا باعث بنتے ہیں اور متاثرہ زمین میں نئی فصل کاشت کرنے سے آلو کی فصل کو یہ بیماری لگ جاتی ہے۔ اس بیماری کا حملہ زمینی تعامل (پی ایچ) بڑھنے سے زیادہ ہو جاتا ہے۔ زخمی آلوؤں میں اس بیماری کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ آلو بننے کے 2 سے 3 ہفتے کے دوران گرم مرطوب زمینی حالات کی وجہ اس بیماری کے بڑھنے کا امکان بڑھ جاتا ہے۔ یہ بیماری ہوا، پانی، بارش، بیماری سے متاثرہ آلوؤں اور زرعی آلات کی وجہ سے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتی ہے۔ یہ بیماری کھیت میں موجود جڑی بوٹیوں پر بھی زندگی گزار سکتی ہے۔

مینجمنٹ/ کنٹرول

(Photo Common scab of potato by Florida Division of Plant Industry Archive, Florida Department of Agriculture and Consumer Services (CC BY-NC))

تندرست بیج بوئیں جو ایسی فصل سے حاصل کیا گیا ہو جو تمام بیماریوں سے مبرا ہو۔
ہمیشہ بیماری کے خلاف قوت مدافعت رکھنے والا بیج استعمال کریں (مثلاً سانتے اور سمپلی ریڈ وغیرہ)
متاثرہ کھیت میں 2 سے 3 سال تک آلو کی فصل کاشت نہ کریں اور دوسری فصلات مثلاً پھلی دار فصلات اور جوار وغیرہ کے ساتھ فصل کا ادل بدل 3 سے 5 سال کی بنیاد پر کریں۔
آلو بننے کے دوران اور آلو بننے کے 2 سے 6 ہفتے بعد تک زمین میں پانی کی کمی/خشکی نہ آنے دیں۔
تیزابی خواص کی حامل کھاد مثلاً امونیم سلفیٹ اور ڈی اے پی زمین کی تیاری کے وقت استعمال کریں تاکہ زمین کی پی ایچ کم رہے۔
جپسم (کیلشیم سلفیٹ) کا استعمال زمین کے لیے بہتر ثابت ہوتا ہے۔ لیکن جپسم کو تیزابی خواص کی حامل کھادوں کے ساتھ ملا کر استعمال نہ کریں کیونکہ یہ ایک دوسرے کے اثرات کو زائل کر دیتی ہیں۔
آلو بننے کے دوران کھیت سے جڑی بوٹیاں تلف کر دیں۔
فصل کی برداشت کے بعد گزشتہ فصل کے باقیات کو اکٹھا کریں اور کھیت سے دور کسی جگہ پر جلا دیں تاکہ اگلے سال بیماری سے بچا جا سکے۔

سپرے کی احتیاطیں:
کیمیائی زہروں (کیڑے مار زہریں، جڑی بوٹی مار زہریں، پھپھوندی کش ادویات) کو استعمال کرنے سے پہلے لیبل پر دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیں۔ سپرے کے دوران ہاتھوں پر ربڑ کے لمبے دستانے، سر پر پگڑی/ ٹوپی، آنکھوں پر عینک (Goggles) اور چہرے پر ماسک لگائیں۔ سپرے کے دوران کھانے پینے اور تمباکو نوشی سے پرہیز کریں۔ سپرے مکمل کرنے کے بعد دن کے آخر میں اچھی طرح نہائیں۔ استعمال کے بعد سپرے کے خالی ڈبوں کو زمین میں گہرا گڑھا کھود کر دبا دیں۔ فصل کی برداشت (کٹائی) اور آخری سپرے کے دوران تجویز کردہ مناسب وقفہ رکھیں۔ کسی بھی قسم کی ایمرجنسی کی صورت میں پیسٹی سائیڈ کے لیبل سمیت قریبی ڈاکٹر سے فوری رجوع کریں۔

کیمیائی زہروں کے استعمال کے دوران حفاظتی لباس پہنیں اور لیبل پر دی گئی ہدایات برائے مجوزہ مقدار اور وقت استعمال ، فصل کی کٹائی اور آخری سپرے کے وقفہ پر عمل کریں

Scientific name(s) > ***Streptomyces scabies***

The recommendations in this factsheet are relevant to: پاکستان

Authors: Plantwise Pakistan
Supporting Institution: CABI CWA
tel: +92 51 8317071 email: y.khan@cabi.org

Plantwise Edited by

Plantwise is a global initiative led by CABI
Lose Less, Feed More
©CAB International. Published under a CC-BY-SA 4.0 licence.